# اتوار 5 جنوری، 2025

## مضمون۔ خدا

### سنہری متن: زبور 62:11 آیت

"خدا نے ایک بار فرمایا میں نے دو بار سُنا کہ قدرت خدا ہی کی ہے۔"

### جوابی مطالعہ: 2 سیموئیل 22 باب 2 تا 4، 21، 22، 28، 32، 33 آیات

2۔ وہ کہنے لگا: خداوند میری چٹان اور میرا قلعہ اور میرا چھڑانے والا ہے۔

3۔ خدا میری چٹان ہے۔ میں اُسی پر بھروسہ رکھوں گا۔ وہی میری سپر اور میری چٹان ہے۔ میرا اونچا برج اور میری پناہ
ہے۔ میرے نجات دینے والے! تُو ہی مجھے ظلم سے بچاتا ہے۔

4۔ میں خداوند کو جو ستائش کے لائق ہے پکاروں گا۔ یوں میں اپنے دشمنوں سے بچایا جاؤں گا۔

21۔ خداوند نے میری راستی کے موافق مجھے جزا دی اور میرے ہاتھوں کی پاکیزگی کے مطابق مجھے بدلہ دیا۔

22۔ کیونکہ میں خداوند کی راہوں پر چلتا رہا اور شرارت سے اپنے خدا سے الگ نہ ہوا۔

28۔ مصیبت زدہ لوگوں کو تُو بچائے گا۔ پر تیری آنکھیں مغروروں پر لگی ہیں تاکہ تُو اُنہیں نیچا دکھائے۔

32۔ کیونکہ خداوند کے سوا اور کون ہے؟ اور ہمارے خداوند کو چھوڑ کر اور کون چٹان ہے؟

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، "سائنس اور صحت آیات کی کُنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

33۔خدا میرا مضبوط قلعہ ہے۔ وہ اپنی راہ میں کامل شخص کی راہنمائی کرتا ہے۔

## درسی وعظ

# بائبل میں سے

### 1۔ 1 تواریخ 29 باب 11، 13 آیات

11۔اے خداوند حکمت، عظمت اور قدرت اور جلال اور غلبہ اور حشمت تیرے ہی لئے ہیں کیونکہ سب کچھ جو آسمان اور زمین میں ہے تیرا ہی ہے۔ اے خداوند بادشاہی تیری ہے اور تُو ہی بحیثیت سردار سبھوں سے ممتاز ہے۔

13۔اور اب اے ہمارے خدا ہم تیرا شکر اور تیرے جلالی نام کی تعریف کرتے ہیں۔

### 2۔ یرمیاہ 32 باب 16 (میں نے دعا کی) تا 18 (تا پہلی)، 18 (عظیم) تا 20، 27، 26 آیات

16۔ میں نے خداوند سے یوں دعا کی:

17۔ آہ اے خداوند خدا! دیکھ تُو نے اپنی عظیم قدرت اور اپنے بلند بازو سے آسمان اور زمین کو پیدا کیا اور تیرے لئے کوئی کام مشکل نہیں۔

18۔ تُو ہزاروں پر شفقت کرتا ہے۔۔۔ جس کا نام خدائے عظیم و قادر رب الافواج ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

19۔ مشورت میں بزرگ اور کام میں قدرت والا۔ بنی آدم کی سب راہیں تیرے زیرِ نظر ہیں تا کہ ہر ایک کو اُس کی روش کے موافق اور اُس کے اعمال کے پھل کے مطابق اجر دے۔

20۔ جس نے ملکِ مصر میں آج تک اور اسرائیل اور دوسرے لوگوں میں نشان اور عجائب دکھائے اور اپنے لئے نام پیدا کیا جیسا کہ اِس زمانہ میں ہے۔

26۔ تب خداوند کا کلام یرمیاہ پر نازل ہوا کہ۔

27۔ دیکھ میں خداوند تمام بشر کا خدا ہوں۔ کیا میرے لئے کوئی کام دشوار ہے؟

## 3۔ یشوع 6 باب 1، 2، 7، 6، 10، 11، 14، 15 (تا :)، 16، 27، 20 آیات

1۔ اور یریحو بنی اسرائیل کے سبب سے نہایت مضبوطی سے بند تھا اور نہ تو کوئی باہر جاتا اور نہ کوئی اندر آتا تھا۔

2۔ اور خداوند نے یشوع سے کہا کہ دیکھ میں نے یریحو کو اور اُس کے بادشاہ اور اُس کے سورماؤں کو تیرے ہاتھ میں کر دیا ہے۔

6۔ اور نون کے بیٹے یشوع نے کاہنوں کو بلا کر اُن سے کہا کہ عہد کے صندوق کو اٹھاؤ اور سات کاہن مینڈھوں کے سینگوں کے سات نرسنگے لئے ہوئے خداوند کے صندوق کے آگے آگے چلیں۔

7۔ اور اُنہوں نے لوگوں سے کہا بڑھ کر شہر کو گھیر لو اور جو آدمی مسلح ہیں وہ خداوند کے صندوق کے آگے آگے چلیں۔

10۔ اور یشوع نے لوگوں پر یہ حکم دیا کہ نہ تو تم للکارنا اور نہ تمہاری آواز سنائی دے اور نہ تمہارے منہ سے کوئی آواز نکلے۔ جب میں تم کو للکارنے کو کہوں تب تم للکارنا۔

11۔ سو اُس نے خداوند کے صندوق کو شہر کے گرد پھِروایا۔ تب وہ خیمہ گاہ میں آئے اور وہیں رات کاٹی۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

14۔ اور دوسرے دن بھی وہ شہر کے گرد گھوم کر خیمہ گاہ میں آئے۔ اُنہوں نے چھ دن تک ایسا ہی کیا۔

15۔ اور ساتویں دن ایسا ہوا کہ وہ صبح کو پو پھٹنے کے وقت اُٹھے اور اِسی طرح شہر کے گرد سات بار پھرے۔

16۔ اور ساتویں بار ایسا ہوا کہ جب کاہنوں نے نرسنگے پھونکے تو یشوع نے لوگوں سے کہا للکارو! کیونکہ خداوند نے یہ شہر تم کو دے دیا ہے۔

20۔ پس لوگوں نے للکارا اور کاہنوں نے نرسنگے پھونکے اور ایسا ہوا کہ جب لوگوں نے نرسنگے کی آواز سنی تو اُنہوں نے بلند آواز سے للکارا اور دیوار بالکل گر پڑی اور لوگوں میں سے ہر ایک آدمی اپنے سامنے سے چڑھ کر شہر میں گھسا اور اُنہوں نے اُس کو لے لیا۔

27۔ سو خداوند یشوع کے ساتھ تھا اور اُس سارے ملک میں اُس کی شہرت پھیل گئی۔

## 4۔ یسعیاہ 52 باب 10 آیت

10۔ خداوند نے پاک بازو تمام قوموں کی آنکھوں کے سامنے ننگا کیا ہے اور سر زمین سراسر ہمارے خدا کی نجات کو دیکھے گی۔

## 5۔ مرقس 1 باب 1 آیت

1۔ یسوع مسیح ابن خدا کی خوشخبری کا شروع۔

## 6۔ مرقس 3 باب 1 تا 7، 8 (جب)، 10، 11، 14، 15 آیات

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

1۔اور وہ عبادت خانہ میں پھر داخل ہوا اور وہاں ایک آدمی تھا جس کا ہاتھ سوکھا ہوا تھا۔

2۔اور وہ اُس کی تاک میں رہے کہ اگر وہ اُسے سبت کے دن اچھا کرے تو اُس پر الزام لگائیں۔

3۔اُس نے اُس آدمی سے جس کا ہاتھ سوکھا ہوا تھا کہا بیچ میں کھڑا ہو۔

4۔اور اُن سے کہا سبت کے دن نیکی کرنا روا ہے یا بدی کرنا؟ جان بچانا یا قتل کرنا؟ وہ چپ رہے۔

5۔اُس نے اُن کی سخت دلی کے سبب سے غمگین ہو کر اور چاروں طرف اُن پر غصے سے نظر کر کے اُس آدمی سے کہا اپنا ہاتھ بڑھا۔ اُس نے بڑھا دیا اور اُس کا ہاتھ درست ہو گیا۔

6۔پھر فریسی فی الفور باہر جا کر ہیرودیوں کے ساتھ اُس کے برخلاف مشورہ کرنے لگے کہ اُسے کس طرح ہلاک کریں۔

7۔اور یسوع اپنے شاگردوں کے ساتھ جھیل کی طرف چلا گیا اور گلیل سے ایک بڑی بھیڑ پیچھے ہو لی اور یہودیہ۔

8۔۔۔سے ایک بڑی بھیڑ یہ سن کر کہ وہ کیسے بڑے کام کرتا ہے اُس کے پاس آئی۔

10۔کیونکہ اُس نے بہت سے لوگوں کو اچھا کیا تھا۔ چنانچہ جتنے لوگ سخت بیماریوں میں گرفتار تھے اُس پر گرے پڑتے تھے کہ اُسے چھو لیں۔

11۔اور ناپاک روحیں جب اُسے دیکھتی تھیں اُس کے آگے گر پڑتیں اور پکار کر کہتی تھیں کہ تُو خدا کا بیٹا ہے۔

14۔اور اُس نے بارہ کو مقرر کیا تاکہ اُس کے ساتھ رہیں اور وہ اُن کو بھیجے کہ منادی کریں۔

15۔اور بدروحوں کو نکالنے کا اختیار رکھیں۔

## 7۔ افسیوں 3 باب 14، 20، 16، 21 آیات

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کُنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

14۔ اِس سبب سے میں باپ کے آگے گھٹنے ٹیکتا ہوں۔

16۔ کہ وہ اپنے جلال کی دولت کے موافق تمہیں یہ عنایت کرے کہ تم اُس کے روح سے اپنی باطنی انسانیت میں بہت ہی زور آور ہو جاؤ۔

20۔ اب جو ایسا قادر ہے کہ اُس قدرت کے موافق جو ہم میں تاثیر کرتی ہے ہماری درخواست اور خیال سے بہت زیادہ کام کر سکتا ہے۔

21۔ کلیسیا میں اور مسیح یسوع میں پشت در پشت اور ابدالاباد اُس کی تمجید ہوتی رہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 275 :6۔9

الٰہی سائنس کا واضح نقطہ یہ ہے کہ خدا، روح، حاکمِ کل ہے، اور اُس کے علاوہ کوئی طاقت ہے نہ کوئی عقل ہے، کہ خدا محبت ہے، اور اسی لئے وہ الٰہی اصول ہے۔

## 2۔ 127 :30۔3

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

کرسچن سائنس اِسے ترک کرتی ہے جسے فطری سائنس کہا جاتا ہے، اس حد تک کہ یہ غلط مفروضوں پر تعمیر کی گئی ہے کہ مادہ خود قانون دینے والا ہے، کہ قانون مادی شرائط پر بنایا گیا ہے، اور یہ کہ حتمی ہیں اور الٰہی عقل کی طاقت کو منسوخ کرتے ہیں۔ نیکی قدرتی اور قدیم ہے۔ یہ خود کے لئے معجزاتی نہیں ہے۔

## 3۔ 182:19۔22، 30۔1 (تا؛)

مادی قانون کی فرمانبرداری روحانی قانون کی مکمل فرمانبرداری سے روکتی ہے، یعنی وہ قانون جو مادی حالتوں پر فتح پاتا ہے اور مادے کو عقل کے قدموں کے نیچے کر دیتا ہے۔

یہ تسلیم کرنا کہ بیماری ایسی حالت ہے جس پر خدا کا کوئی اختیار نہیں، پہلے سے اِس بات کو فرض کرنے کے مترادف ہے کہ بعض اوقات قادرِ مطلق میں کوئی طاقت نہیں ہوتی۔ مسیح یا سچائی کی شریعت روح کے لئے سب باتوں کو ممکن بناتی ہے؛

## 4۔ 344:32۔9

بائبل میں لفظ روح الوہیت کے لئے اس قدر عمومی استعمال ہوا ہے، کہ روح اور خدا اکثر مترادف الفاظ ہی سمجھے جاتے ہیں؛ اور اِسی طرح یہ کرسچن سائنس میں ایک جیسے سمجھے اور استعمال کئے جاتے ہیں۔ چونکہ یہ ظاہر ہے کہ روح کی صورت مادی نہیں ہو سکتی، تو کیا یہ اِس بات کی طرف اشارہ نہیں کرتا کہ خدا اپنی غیر صورت میں نہیں ہو سکتا اور بیمار کو شفا دینے کے لئے دوا کا استعمال نہیں کر سکتا؟ جب قادرِ مطلق خدا کی تبلیغ کی جاتی ہے اور اُس کی کاملیت کو بیان کیا جاتا ہے، تو مسیحی وعظ بیمار کو شفا دیں گے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 5۔ 357: 17۔23 (تا دوسری)، 25۔32

تاریخ بتاتی ہے کہ الٰہی ہستی اور کردار سے متعلق مشہور اور جھوٹے تصورات انسانی ذہن میں ہی پیدا ہوئے تھے۔ چونکہ حقیقت میں ماسوائے ایک خدا، ایک عقل کے اور کوئی نہیں، تو خدا سے متعلق غلط تصورات جھوٹے بھرم میں پیدا ہوئے ہوں گے، نہ کہ لافانی سچائی میں، اور وہ ختم ہو رہے ہیں۔ وہ جھوٹے دعوے ہیں، جو بالاآخر غائب ہو جائیں گے،

جو کچھ خدا کے مخالف ہے اگر وہ سب حقیقی ہے، تو پھر دو طاقتیں ہیں، اور خدا اعلیٰ اور لا متناہی نہیں ہے۔ اگر کوئی اور طاقتور اور خود کار تخلیقی وجہ موجود ہے اور وہ انسان پر حکمرانی کرتی ہے تو کیا خدا قادر مطلق ہو سکتا ہے؟ کیا باپ ”اپنے آپ میں زندگی رکھتا ہے“، جیسا کہ کلام کہتا ہے، اور اگر ہاں، تو کیا زندگی یا خدا، بدی میں رہ سکتے اور اِسے خلق کر سکتے ہیں؟ کیا مادہ زندگی، روح کو چلا سکتا، اور یوں، قادر مطلق کو شکست دے سکتا ہے؟

## 6۔ 284: 15۔16

کیا الٰہی کو مادی حواس کے وسیلہ جانا جا سکتا ہے؟

## 7۔ 285: 1۔2، 23۔31

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

مادہ حساس نہیں ہوتا اور اچھائی یا بدی، خوشی یا درد سے آگاہ نہیں ہو سکتا۔

خدا کی بطور بچانے والے اصول یا الٰہی محبت کی بجائے جسمانی نجات دہندہ کے طور پر تشریح کرتے ہوئے، ہم اصلاحات کی بجائے معافی کے وسیلہ نجات کو تلاش کرنا جاری رکھتے اور روح کی بجائے مادے کی جانب رجوع کرتے ہوئے بیماری کا اعلاج کرتے ہیں۔ جیسا کہ کرسچن سائنس کے علم کے وسیلہ بشر بلند فہم تک پہنچتے ہیں وہ مادے کی بدولت نہیں بلکہ اصول، خدا سے سیکھتے ہیں کہ مسیح یعنی سچائی کو نجات دینے والی اور شفا دینے والی طاقت کے طور پر کیسے ظاہر کیا جائے۔

## 8۔ 444:31۔18

معلم کو طالب علموں کو شفا کی سائنس کی وضاحت ضرور دینی چاہئے، خاص طور پر اس کی اخلاقیات کی، کہ سب کچھ عقل ہی ہے، اور کہ سائنسدان کو خدا کی شرائط کو لازماً پورا کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ ساتھ استاد کو چاہئے کہ اچھی طرح سے اپنے طالب علموں کو گناہ کے خلاف خود کا دفاع کرنے اور ہونے والے ذہنی قاتل کے حملوں سے محفوظ رہنے کے قابل بنائے، جو اخلاقی اور جسمانی طور پر قتل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کرسچن سائنس کے اظہار میں رکاوٹ بننے کے لئے شک یا خدشہ داخل کرنے والی کسی دوسری قوت کے وجود سے متعلق کوئی مفروضے نہیں ہونے چاہئیں۔ اپنے شاگرد میں نیکی کی پوشیدہ توانائیوں اور صلاحیتوں کو اجاگر کریں۔ الٰہی سائنس سے ملبوس انسان کی بڑی ذمہ داریوں کی تعلیم دیں۔ گناہ کی بدولت یا شفا کے لئے مادی ذرائع کی جانب رجوع کرنے کے وسیلہ سچائی کے روحانی فہم اور اظہار میں کمی کے خطرناک امکان کی تعلیم دیں۔ ”مسیح کے ساتھ خدا میں پوشیدہ“ زندگی کی طاقت اور کمزوری کی تعلیم دیں، تو کسی اور شفائیہ طریقہ کار کی کوئی خواہش نہیں رہے گی۔ جب آپ الٰہی کے ساتھ انسان کا وزن کرتے ہیں یا کسی بھی اندازِ فکر میں خدا کی ہمہ گیریت اور قدرتِ کاملہ کو محدود کرتے ہیں تو آپ شفا کے الٰہی قانون کو مبہم اور کھوکھلا بناتے ہیں۔

## 9۔ 406: 19۔24(تا،)

بدی، ہر طرح کی غلطی، کا مقابلہ کریں تو وہ آپ سے بھاگ جائے گی۔ غلطی زندگی کی مخالف ہے۔ ہم غلطی پر سچائی، موت پر زندگی اور بدی پر اچھائی کی بالادستی کی ہر سمت کے لئے خود کو دستیاب کرنے کے لئے بلند کر سکتے، اور بالا آخر کریں گے، اور یہ ترقی تب تک جاری رہے گی جب تک کہ ہم خدا کے خیال کی کاملیت تک نہیں پہنچ جاتے،

## 10۔ 407: 6۔20

انسان کی نہایت ہمدردی، خود غرضی، حسد، نفرت اور بدلے جیسے بے رحم آقاؤں کے ہاتھوں غلامی کو محض ایک مضبوط جدوجہد سے ہی فتح کیا جاتا ہے۔ تاخیر کا ہر لمحہ اس جدوجہد کو اور شدید بنا دیتا ہے۔ اگر انسان احساسات پر فتح مند نہیں ہوتا، تو وہ خوشی، صحت اور مردانگی کو کچل دیتے ہیں۔ یہاں بشری عقل کی کمزوری کو طاقت مہیا کرتے ہوئے، یعنی وہ طاقت جو لافانی اور قادر مطلق عقل سے ملتی ہے، اور انسانیت کو پاکیزہ ترین خواہشات میں، حتیٰ کہ روحانی طاقت اور انسان کے لئے خیر سگالی میں بھی، خود سے بلند درجہ دیتے ہوئے کرسچن سائنس خود مختار اکسیرِ اعظم ہے۔

غلط خواہش کے غلام کو کرسچن سائنس کے اسباق سیکھنے کا موقع دیں، تو وہ اُس خواہش کو بہتر پا لے گا، اور صحت، خوشی اور وجودیت کے بہتر درجے پر پہنچ جائے گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 11۔ 387: 27۔32

مسیحت کی تاریخ اُس آسمانی باپ، قادرِ مطلق فہم، کے عطا کردہ معاون اثرات اور حفاظتی قوت کے شاندار ثبوتوں کو مہیا کرتی ہے جو انسان کو ایمان اور سمجھ مہیا کرتا ہے جس سے وہ خود کو بچا سکتا ہے نہ صرف آزمائش سے بلکہ جسمانی دُکھوں سے بھی۔

## 12۔ 55: 16۔26

میری خستہ حال امید اُس خوشی کے دن کا احساس دلانے کی کوشش کرتی ہے، جب انسان مسیح کی سائنس کو سمجھے گا اور اپنے پڑوسی سے اپنی مانند محبت رکھے گا، جب وہ یہ جانے گا کہ خدا قادر مطلق ہے اور جو کچھ اُس نے انسان کے لئے کیا ہے اور کر رہا ہے اُس میں الٰہی محبت کی شفائیہ طاقت کو جانے گا۔ وعدے پورے کئے جائیں گے۔ الٰہی شفا کے دوبارہ ظاہر ہونے کا وقت ہمہ وقت ہوتا ہے؛ اور جو کوئی بھی اپنا زمینی سب کچھ الٰہی سائنس کی الطار پر رکھتا ہے، وہ اب مسیح کے پیالے میں سے پیتا ہے، اور وہ روح اور مسیحی شفا کی طاقت سے ملبوس ہوتا ہے۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

# روزمرہ کی دعا

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کُنجی کے ساتھ''میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔

## فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔